14/07/2025

09:25 /AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عارف امین سے خبریں سُنیے۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہانے بارہمولہ میندہشت گردی کے شکار افراد کے نزدیکی لواحقین کو تقرر نامے سونپے۔اس موقعے پر اپنے خطاب میں لیفٹنٹ گورنرنے ان متاثرہ کنبوں کی پریشانیوں کا ذکر کیا اور کہا کہ ان لوگوں کو نظر انداز کیا گیا تھا اور یہ دہائیوں سے خاموشی سے مصیبت جھیل رہے تھے۔

اس اقدام کو جموں کشمیر کے ہزاروں معصوم شہریوں کے احترام کو تسلیم کئے جانے کا تواریخی قدم قرار دیتے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ وہ اس بات کو یقینی بنانے کیلئے پر عزم ہیں کہ ایسے کنبوں کو وہ انصاف اور مدد مل سکے، جس کے وہ حقدار ہیں۔

....

لیفٹنٹ گورنرنے ان افراد خانہ، جو سالہاسال سے انصاف اور نوکری کے منتظر ہیں ،کی دہلیزوں پر پہنچنے کے عزم کا اظہا رکرتے ہوئے کہا کہ ایسے لوگوں کی باز آباد کاری اور نوکری کیلئے تمام انتظامات کو یقینی بنایاجائے گا۔

ردعمل

BJP نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے اُس بیان کی مذمت کی ہے جس میں انہوں نے کہا ہے کہ 13جولائی1931کا واقعہ اور جلیان والا باغ کا سانحہ ایک جیسے ہیں۔

اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما نے کہا ہے کہ عمر عبداللہ کا یہ موازانہ تاریخی طور پر غلط اور بھارت کی جنگ آزادی کے مجاہدین کی توہین ہے ۔

واضح رہے کہ وزیر اعلیٰ سمیت نیشنل کانفرس صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ ، پی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی اور دیگر کئی لیڈروں نے 13جولائی کے جان بحق 22افراد کو شاندار خراج عقیدت ادا کیا ہے۔

بارہمولہ

ضلع بارہمولہ کے پیر نیا اوڑی علاقے مینکل ایک دلدوز واقعے میں غرقآب ہونے کے نتیجے میں ایک نوجوان جان بحق اور دو دیگر لا پتہ ہو گئے ہیں۔

ہمارے بارہمولہ کے نمائندے کوثر سلام نے خبر دی ہے کہ یہ سانحہ پیر نیا میں لوور جہلم ریزوئیر میں پیش آیا جہاں سرینگر سے تعلق رکھنے والے چار افراد پانی کے تیز بہاؤ کے ساتھ بہہ گئے جن میں سے ایک کو زندہ بچایا گیا، دوسرے کو مردہ حالت میں پا لیا گیا جبکہ دو ابھی بھی لاپتہ ہیں۔

پولیس اور SDRF-کی ٹیمیں لا پتہ کو ڈھونڈنے کی کوشش میں ہیں

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اس سانحہ پر شدید رنج و غم کا اظہا رکیاہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ متعلقہ حکام کو تلاش کے کام میں تیزی لانے کی ہدایت دی گئی ہے ۔

یاترا

سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا آج بارش کے باوجود دونوں راستوں سے جاری ہے۔ تین جولائی سے اب تک درشن کرنے والے یاتریوں کی تعداددو لاکھ کے ہندسے کو پار کر گئی ہے ۔

تفصیلی رپورٹ کے ساتھ آکاشوانی نیوز سرینگرکے سربراہ طارق راتھر۔

....

اس دوران جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج مزید 6ہزار143یاتریوں کو وادی کی طرف روانہ کیا گیا ہے۔

BJP

BJP کے ترجمان ڈاکٹر طاہر چودھری نے دہشت گردی کے شکار افراد کے ورثاءکو ادھر پردیش تین دہائیوں کے بعد سرکاری نوکری دے کر انصاف فراہم کرنے پر وزیر اعظم نریندر مودی اور لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کی سراہناکی ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت19 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25 اعشاریہ2ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ